الامام الہمام شیخ الاسلام أبی یعلیٰ کی شہرہ آفاق کتاب مُسنَد أبی یعلی الموصلی کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

مُسنَد
أبی یعلیٰ الموصلیؒ

جلد سوم

مصنف:

الامام الہمام شیخ الاسلام ابی یعلی احمد بن علی بن المثنی الموصلی
المتوفی سنۃ ۳۰۷ ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ○ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

مصنف:
الامام الھمام شیخ الاسلام ابی یعلی احمد بن علی بن المثنی الموصلی
المتوفی سنة ٣٠٧ ھ

مترجم
غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رضویہ شیخ زید غوثیہ بوبن گلبرگ لاہور

جلد سوم

بار اول .... ستمبر 2016
پرنٹرز .... آصف صدیق، پرنٹرز
سرورق .... النافع گرافکس
تعداد 1100/-
ناشر .... چوہدری غلام رسول۔ میاں جواد رسول
میاں شہزاد رسول
قیمت .... =/ روپے

ملنے کے پتے

ملت پبلی کیشنز
فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111
E-mail: millat_publication@yahoo.com

اسلام بک ڈپو
۱۲۔ گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941
0323-8836776

ملت پبلی کیشنز دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464
Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ۰ غزنی سٹریٹ
اردو بازار ۰ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

إِذْ لَمْ تَكُ جَارِيَةً، وَلَوْ كُنْتَ جَارِيَةً لَحَلَّيْتُكَ وَأَعْطَيْتُكَ

فرمانے لگے: ہم نے خوبصورت بنایا جبکہ تُو بچی نہیں تھی، اگر تُو بچی ہوتی تو میں تجھے زیور پہناتا اور تجھے دیتا۔

4442 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا، عَنْ هُشَيْمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا عَادَ مَرِيضًا يَضَعُ يَدَهُ عَلَى الْمَكَانِ الَّذِي يَشْتَكِي الْمَرِيضُ، ثُمَّ يَقُولُ: بِسْمِ اللَّهِ، لَا بَأْسَ لَا بَأْسَ، أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ، وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِي، لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَلَمَّا مَرِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضَعْتُ يَدِي عَلَيْهِ لِأَقُولَ هَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ، فَنَزَعَ يَدِي عَنْهُ وَقَالَ: اللَّهُمَّ أَنْتَ الرَّفِيقُ الْأَعْلَى

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ جب کسی مریض کی عیادت کرتے تھے تو آپ ﷺ اپنا ہاتھ اس جگہ پر رکھتے جس جگہ اس کو تکلیف ہوتی تھی پھر پڑھتے تھے اللہ کے نام سے کوئی حرج نہیں کوئی حرج نہیں۔ تکلیف لے جا، لوگوں کے پالنے والے، شفا عطا فرما۔ تو ہی شفا دینے والا ہے، نہیں ہے شفا مگر تو شفا دینے والا ہے۔ ایسی شفا دے جو بیماری کا نام بھی نہ چھوڑے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب حضور ﷺ بیمار ہوئے، میں نے اپنا ہاتھ آپ ﷺ پر رکھا میں بھی یہی کلمات پڑھے۔ آپ نے میرا ہاتھ کھینچا اپنے سے تو آپ ﷺ یہ کہہ رہے تھے، اے اللہ تو رفیق اعلیٰ ہے۔

4443 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ: هَلْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَمَثَّلُ؟ قَالَتْ: كَانَ يَقُولُ إِذَا دَخَلَ بَيْتَهُ يَتَمَثَّلُ يَقُولُ: لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَانِ مِنْ ذَهَبٍ لَابْتَغَى إِلَيْهِمَا ثَالِثًا، وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوبُ اللَّهُ عَلَى مَنْ تَابَ، إِنَّمَا جُعِلَ الْمَالُ لِتُقْضَى بِهِ الصَّلَاةُ، وَتُؤْتَى بِهِ الزَّكَاةُ، قَالَتْ: فَكُنَّا نَرَى أَنَّهُ

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا کہ حضور ﷺ مثال بیان کرتے تھے؟ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: حضور ﷺ جب اپنے گھر داخل ہوتے تو آپ ﷺ مثال دیتے، فرماتے: اگر ابن آدم کے لیے دو وادیاں سونے کی ہوں، تو وہ پسند کرے گا، تیسری بھی ہو۔ ابن آدم کا پیٹ صرف مٹی ہی بھرے گی۔ اللہ توبہ کرتا ہے جو توبہ کرتا ہے مال اسی لیے دیا جاتا ہے تاکہ اس کے ساتھ نماز ادا کی جائے اور اس

4442- أخرجه أحمد جلد6صفحه44 قال: حدثنا يحيى . قال: حدثنا سفيان . قال: حدثنا سليمان، عن مسلم .

4443- الحديث في المقصد العلي برقم: 1973 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10صفحه244,243 وقال: رواه أحمد، وأبو يعلى الا أنه قال...... والبزار، وفيه مجالد بن سعيد، وقد اختلط ولكن يحيى بن القطان لا يروى عنه ما حدث به في اختلاطه، والله اعلم .

مِمَّا نُسِخَ مِنَ الْقُرْآنِ

کی زکوٰۃ ادا کی جائے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم خیال کرتے اس سے ہے جو قرآن منسوخ کیا گیا ہے۔

4444 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ الْقُرَشِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: أُهْدِيَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَبٌّ فَلَمْ يَأْكُلْ مِنْهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَلَا أُطْعِمُهُ السُّؤَّالَ؟ قَالَ: لَا أُطْعِمُ السُّؤَّالَ إِلَّا مَا آكُلُ مِنْهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو گوہ ہدیہ کی گئی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو کھایا نہیں۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسے کسی سائل کو کھلائیں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں سائل کو وہی کھلاؤں گا جو خود کھاؤں گا۔

4445 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دباء، مزفت کے برتنوں میں نبیذ پینے سے منع فرمایا۔

4446 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: جَاءَهَا سَائِلٌ، فَأَمَرَتْ لَهُ عَائِشَةُ بِشَيْءٍ، فَلَمَّا جَاءَ الْخَادِمُ دَعَتْهَا فَنَظَرَتْ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوَ مَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ کے پاس ایک سائل آیا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس کو دینے کا حکم دیا۔ جب خادم لے کر آیا، آپ رضی اللہ عنہا نے اس سائل کو بلوایا، آپ رضی اللہ عنہا نے دیکھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو فرمایا: کیا آپ جو شے بھی نکالتی ہیں تو گن

4444- الحديث في المقصد العلي برقم: 632 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 37 وقال: رواه أحمد، وأبو يعلى، ورجالهما رجال الصحيح .

4445- أخرجه أحمد جلد 6 صفحه 115 قال: حدثنا معاوية . قال: حدثنا زائدة . قال: حدثنا منصور . وفي جلد 6 صفحه 133 قال: حدثنا سليمان بن داؤد الهاشمي . قال: أخبرنا أبو زُبيد، عن الأعمش .

4446- أخرجه أحمد جلد 6 صفحه 70 قال: حدثنا عبد الله بن محمد بن أبي شيبة . وفي جلد 6 صفحه 108 قال: حدثنا سُريج . قال: حدثنا ابن أبي الزناد، عن هشام بن عروة .